NOTIFICATION OF TESTING
SOL Non-Writing Assessments, End-of-Course

عزیز والد/ والدہ اور سرپرست:

آپ کا بچہ ____________________ اور ____________________ کے درمیان، ایک یا ایک سے زیادہ **Virginia Standards of Learning (SOL) End-of-Course (EOC)** اسسمنٹ لے گا۔ SOL کی تمام اسسمنٹس اسکول آکر لینی ہوں گی۔ اسکول کا عملہ آپ کے بچے کی انفرادی تشخیصی ضروریات کی بنیاد پر ٹیسٹنگ کی مخصوص تاریخوں کے شیڈول کے حوالے سے رابطہ کرے گا۔ اگر آپ کسی ایسی ناگزیر صورت حال سے آشنا ہیں، جس کے نتیجے میں آپ کا بچہ ہر حال میں ٹیسنگ والے دن غیرحاضر ہوگا تو براہ مہربانی اپنے بچے کے اسکول کو جلدازجلد اطلاع دے دیں۔

SOL کی کچھ اسسمنٹس وفاقی قانون کے تحت درکار ہیں اور کچھ ہائی اسکول کے گریجوئشن کریڈٹس کی تصدیق کے لیئے، درکار ہو سکتی ہیں۔ درج ذیل ٹیبل میں ان غیر تحریری SOL EOC ٹیسٹوں کی نشاندہی کی گئی ہے، جو وفاقی شرکت اور/ یا تصدیقی کریڈٹ کے لیئے، دستیاب ہیں۔

- وفاقی قانون کے مطابق، اسکولوں کے لیئے، ضروری ہے کہ وہ گریڈ 9-12 کے طلباء کو مطالعہ، ریاضی اور سائنس کے شعبوں میں ایک SOL ٹیسٹ فراہم کریں۔ ان اسسمنٹس کے ذریعے والد یا والدہ/ سرپرست، اسکول، اسکول ڈویژن اور ریاست کو، طالب علم کی کامیابی سے متعلق، معلومات فراہم ہوتی ہیں۔
- وفاقی قانون کے تحت طلباء کو، معیاری اور اعلیٰ تعلیمی ڈپلومہ میں گریجوئشن کی شرائط کو پورا کرنے کے لیئے، تصدیقی کریڈٹس درکار ہوتے ہیں، جیسا کہ *گریجوئشن کی شرائط اور کورس پلانگ* کے ویب پیج پر بیان کیا گیا ہے: (https://www.fcps.edu/academics/graduation-requirements-and-course-planning). طلباء کے لیئے، مطلوبہ تصدیقی کریڈٹ حاصل کرنے کا سب سے عام طریقہ SOL ٹیسٹ ہیں۔ تاہم، ورجینیا کے محکمہ تعلیم کی طرف سے منظورشدہ کارکردگی کی اسسمنٹس(صرف معاشرتی علوم) یا متبادل اسسمنٹس، کچھ کریڈٹس کی تصدیق کے لیئے، آپ کے بچے کے پاس ایک دوسرے آپشن کے طور پر ہو سکتے ہیں۔

شعبہ/ مضمون	**ریاضی**	**سائنس**	**انگریزی**	**معاشرتی علوم**
ٹیسٹ	الجبرا 1 الجبرا 2 جیومیٹری	حیاتیات کیمیا ارضیاتی سائنس	مطالعہ	ورجینیا اور امریکہ کی تاریخ عالمی تاریخ 1 عالمی تاریخ 2

A *SOL High School Assessment Frequently Asked Questions* webpage (https://www.fcps.edu/node/43148) پر فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز کے SOL EOC ٹیسٹوں سے متعلق، اضافی معلومات فراہم کی گئی ہیں۔ .اگر آپ نہیں چاہتے کہ آپ کا بچہ، SOL اسسمنٹس میں شرکت کرے تو آپ کو ٹیسٹنگ سے انکار کا حق حاصل ہے۔ تاہم، SOL ٹیسٹ سے انکار کا کوئی بھی فیصلہ اسکول کے عملے کی مشاورت سے کرنا چاہیئے تا کہ وقت پر گریجوئٹ ہونے کے حوالے سے، کسی بھی ممکنہ مضمرات پر مکمل غور کیا جا سکے۔ *جانچ سے انکار کرنے کے حق* کے ویب پیج پر(https://www.fcps.edu/node/34277) یہ فیصلہ لینے سے متعلق، اہم معلومات پیش کی گئی ہیں۔

زیادہ تر کیسز میں، SOL اسسمنٹس کے نتائج تین مہینے کے اندر اندر، Student Information System (SIS) ParentVUE میں دستیاب ہو جاتے ہیں۔ اگر آپ SOL ٹیسٹنگ سے متعلق، کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی اپنے بچے کے اسکول کونسلر یا اپنے بچے کے اسکول کے اسسمنٹ کوچ/ اسکول ٹیسٹ کوآرڈینیٹر سے رابطہ کریں۔